
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور ہوم ورک میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

بچوں کی تعداد کے مطابق A4 کاغذ، برش اور پوسٹر کلر کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 1

**15 منٹ**

- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک کولم میں نیچے دیئے گئے جانوروں کے نام اردو میں لکھیں۔ دوسرے کولم میں بچوں سے پوچھ کر ان کا انگریزی نام لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں کریں۔

| اردو | English |
|---|---|
| گینڈا | rhinoceros |
| شیرنی | lioness |
| بھالو | bear |
| بن مانس | gorilla |

| اردو | English |
|---|---|
| مگرمچھ | crocodile |
| شارک | shark |
| چیتا | cheetah |
| | |

**30 منٹ**

- کسی بھی چیز کی اندر اور باہر کی ڈرائینگ بنائیں اور رنگ بھریں۔ مثلاً:

- پھل / سبزی جو باہر سے خوبصورت اور اچھی نظر آئے اور کاٹنے کے بعد پتہ چلے کہ خراب ہے۔
- کوئی ڈبہ / الماری / گھر وغیرہ جو باہر سے خوبصورت اور اندر سے خالی / بکھرا ہوا / گندا ہو۔

# سیشن 2

15 منٹ • کہانی کی کتاب **اجنبی دوست نہیں** بچوں کو دیں۔

- بچوں کو کچھ وقت دیں کہ بچے کتاب کا ٹائٹل غور سے دیکھیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ 'اجنبی دوست نہیں' کا کیا مطلب ہے۔
- بچوں کو سمجھائیں کہ اجنبی وہ ہوتے ہیں جن کو ہم اور ہمارے گھر والے نہیں جانتے۔ مثال کے طور پر دکاندار، پارک اور بازار میں نظر آنے والے لوگ، سڑک پر نظر آنے والے لوگ۔ بچوں کو سمجھائیں کہ صرف ظاہری طور پر دیکھنے سے یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ کوئی انسان اچھا ہے یا برا۔ اس لئے کسی بھی اجنبی سے بات چیت کرنے یا قریب جانے میں احتیاط کرنی چاہیئے۔
- بچوں کو کسی بھی خطرناک صورت حال سے نمٹنے کا طریقہ سمجھائیں۔ مثلاً:

1) اگر کوئی اجنبی آپ سے بات کرنا چاہے تو فوراً اپنے گھر والوں کو بتائیں۔
2) اگر کوئی اجنبی آپ کو ساتھ جانے کو کہے تو فوراً انکار کریں۔
3) زبردستی کرنے کی صورت میں چلائیں اور شور مچائیں۔
4) وہاں سے بھاگنے کی کوشش کریں۔
5) کسی قابل اعتماد انسان کو فوراً بتائیں۔
6) خطرے کی صورت میں یہ سب کرنے سے بالکل نہ ڈریں۔

15 منٹ • آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی پڑھیں۔ ہر صفحے پر دیئے گئے سوال پر بچوں کے جواب کا انتظار کریں۔

- بچوں کو چند منٹ دیں کہ وہ تصویریں غور سے دیکھیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ تصویروں میں ان کی توجہ کس طرف گئی۔
- بچوں کی توجہ ہر تصویر میں دیئے گئے سائے کی طرف کرائیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ تصویروں میں دیئے گئے سائے اس بات کو نمایاں کر رہے ہیں کہ کچھ لوگ بظاہر بہت اچھے نظر آتے ہیں لیکن وہ خطرناک ہو سکتے ہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ اگر وہ کسی بھیڑ والی جگہ پر کھو جائیں تو کیا کریں گے۔

**10 منٹ** • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ** • اپنا پتہ اور ٹیلی فون نمبر کسی بڑے کی مدد سے کوپی میں لکھیں اور یاد کر کے آئیں۔

## سیشن 3

**10 منٹ** • بچوں سے ان کی کوپی لیں اور ان کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر سنیں۔

**10 منٹ** • **اجنبی دوست نہیں** پر رول پلے (role play) کروائیں۔

- کلاس کو 6 - 5 بچوں کے گروپ میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کتاب کے ایک صفحے کی صورت حال کو ڈرامہ کی شکل میں پیش کرنے کی تیاری کرے۔

**نوٹ:** بچوں کو گائیڈ کریں کہ ہر گروپ میں سے دو بچے بولنے کے کردار کی پریکٹس کریں اور گروپ کے باقی بچے اس سین کے مطابق ماحول کا حصہ بنیں۔

25 منٹ • ہر گروپ کو رول پلے کرنے کے لئے 3 منٹ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ رول پلے کے دوران نیچے دی گئی باتوں کا خیال کریں۔

1) اپنی باری کا انتظار کریں۔

2) دوسروں کے رول پلے میں مداخلت نہ کریں۔

3) کسی کا مذاق نہ اڑائیں۔

4) اگر کوئی سوال کرنا ہو تو رول پلے ختم ہونے کا انتظار کریں۔

5) 3 منٹ سے زیادہ کا رول پلے نہ کریں۔

# سیشن 4

15 منٹ • بورڈ پر نیچے دیئے گئے الفاظ لکھیں۔ بچوں کے ساتھ بات چیت کے ذریعے معنی واضح کریں۔

چہل قدمی کائیاں دوستی کا ہاتھ بڑھانا سیانی بھرے بازار شیطان جھانسے گھما گھی
بہلائے پھسلائے مکار ساحل شاطر لہک کر افراتفری آڑ میں

25 منٹ • 7 - 5 لائنوں کا ایک پیرا گراف لکھیں جس میں اوپر دیئے گئے کم از کم 5 الفاظ استعمال کریں۔

## ہوم ورک

5 منٹ • املا کی تیاری کریں۔

ٹہلتا نکلتے بھیجا بیٹھ کھلونے مسکرائے تمہیں ساتھ سمندر دیکھئے

# سیشن 5

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔
  - املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

10 منٹ
- صفت پر کام کروائیں۔
  - بچوں کو بتائیں کہ صفت وہ لفظ ہے جو کسی کے بارے میں کچھ بتاتا ہے۔
  مثلاً : لڑاکا بلی، پیاری لڑکی، لمبی سڑک میں **لڑاکا**، **پیاری** اور **لمبی** صفت الفاظ ہیں۔

20 منٹ
- بچوں کے ساتھ مل کر کہانی میں موجود صفت الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان کا مطلب سمجھائیں۔
  کائیاں سیانی شیطان مکار شاطر چالاک ہوشیار
  - کہانی میں یہ صفت جن کے لئے استعمال ہوئی ہیں بچے کہانی پڑھ کر ان کے نام بتائیں۔

## ہوم ورک

5 منٹ
- کلاس میں کئے گئے صفت الفاظ میں سے کسی 4 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 6

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ وہ کہانی خاموشی سے پڑھیں۔ بچوں سے بات چیت کے ذریعے دوبارہ اجنبیوں سے کسی قسم کی دوستی کرنے سے اجتناب کرنے پر زور دیں۔

35 منٹ • کہانی سے متعلق سوال جواب کروائیں۔

- بورڈ پر سوال لکھیں۔

- بچے اپنی کوپی نکالیں۔ ایک ایک کر کے سوال بورڈ سے دیکھ کر لکھیں اور جواب دیں۔

1) شیرنی کہاں انتظار کر رہی تھی اور اس نے آپ سے کیا کہا؟
2) بھالو، بن مانس اور چیتا کس چیز کا لالچ دے رہے تھے؟
3) اگر آپ سے کوئی اجنبی شخص دوستی کرنا چاہے گا تو آپ اس سے کن کن طریقوں سے دور رہیں گے۔

# اجنبی دوست نہیں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 150